**23.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ NDA حکومت کنکٹی ویٹی، سائنس، اختراع اور حفظانِ صحت کے شعبوں میں خاطرخواہ سرمایہ لگارہی ہے۔ اُنہوں نے کیرالہ میں بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں اور نئی ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

☆ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہاکہ بھارت اگلے 18 مہینے میں اپنے موبائل برانڈس شروع کرے گا۔

☆ بھارت-یوروپی یونین نے داوس میں، ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن اور ہوا بازی کے میدان میں تعاون میں اضافے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ روس،یوکرین اور امریکہ، یوکرین میں جنگ کے خاتمے کیلئے ابوظہی میں سہ ملکی بات چیت کریں گے۔

☆ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلیوں سے شمالی بھارت میں کافی دنوں سے جاری خشک موسم کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے، جس کے بعد جموں وکشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے علاقوں میں بارش اور برفباری شروع ہوگئی ہے۔

☆ اور بھارت کے مایہ ناز بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین، جکارتہ میں انڈونیشیا ماسٹرس کے کوارٹرفائنل میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-KERALA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کیرالہ کے ترواننتا پورم میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور ٹرینوں کو

جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مودی نے پی ایم سواندھی کریڈٹ کارڈ جاری کیا اور ایک لاکھ مستفیدین کو پی ایم سواندھی قرض تقسیم کئے۔ جناب مودی نے تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں اور ایک مسافر ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کیا۔ وزیراعظم نے CSIR-NIIST اختراع، ٹیکنالوجی اور انٹرپرینیور شپ ہب کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ ترواننتاپورم میں مجمع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ NDA حکومت کنکٹی وٹی، سائنس اور اختراع اور صحت کے شعبے میں بہت زیادہ سرمایہ کاری کررہی ہے اور پورا ملک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے مل کر کام کررہا ہے اور وکست بھارت میں شہروں کا بڑا رول ہے۔

**1350 PM on Projects**

انکم ٹیکس کی شرحوں میں اصلاحات کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کیرالہ کے متوسط طبقے کے لوگوں کو بھی ان اصلاحات سے فائدہ پہنچا ہے۔ مرکزی سرکار نچلی سطح تک بینکنگ خدمات پہنچانے کی پوری کوشش کرہی ہے۔

**1345- New PM Tax free Income**

## VAISHNAW-INDIA MOBILE BRANDS

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت اگلے 18 مہینے میں خود کے موبائل برانڈس لانچ کرے گا۔ Davos میں عالمی اقتصادی فورم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات بتائی۔ جناب ویشنو نے اس بات کا ذکر کیا کہ بھارت کے پاس بہت مضبوط الیکٹرانکس ایکوسسٹم موجود ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کے پاس اپنے خود کے موبائل برانڈ ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ عالمی اقتصادی فورم کے دوران بھارت نے موبائل تیار کرنے کے کام آنے والے آلات اور پُرزوں کے مکمل ایکوسسٹم کے ساتھ اہم میٹنگیں کی ہیں۔×

## CIVIL AVIATION EU INDIA

بھارت اور یوروپی یونین نے ٹرانسپورٹ ایکو نظام میں EU-بھارت سرگرمیوں میں اضافے سے اتفاق کیا ہے۔ داووس میں کل عالمی اقتصادی فورم سے الگ یوروپی یونین ٹرانسپورٹ کمشنر Apostolos Tzitzikostas سے ملاقات کرتے ہوئے، شہری ہوا بازی کے وزیر کے-رام موہن نائیڈو نے کہا کہ اِس میٹنگ میں ہوائی جہاز کے مستقل ایندھن، ماحول دوست ٹرانسپوٹیشن کو ترجیح دیئے جانے اور ماحول کیلئے سازگار ہوابازی جیسی اختراعات پر توجہ مرکوز کی گئی۔

میٹنگ میں دونوں شخصیتوں نے یوروپی یونین ہوابازی حفاظتی ایجنسی EASA اور شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA کے درمیان، تال میل، مشترکہ سرٹیفکیشن، سائبرسکیورٹی اور ڈرونس سے متعلق ضابطہ کاری جیسے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے سے بھی اتفاق کیا۔ اُنہوں نے یوروپی یونین اور بھارت کے درمیان رشتوں کو مزید مستحکم بنانے کا بھی فیصلہ کیا۔×

## UKRAIN-US-RUSSIA

یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے اعلان کیا ہے کہ آج اور کل متحدہ عرب امارات میں یوکرین، امریکہ اور روس ایک سہ فریقی میٹنگ کریں گے۔ 2022 میں جنگ کے بعد سے یہ پہلا موقع ہے، جب اُسے ختم کرنے کے سلسلے میں سبھی تین ملکوں کے وفود مل کر تبادلہ خیال کریں گے۔ Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے بعد جناب زیلنسکی نے یہ بات کہی۔ امریکی صدر نے بات چیت کو مثبت قرار دیا اور زور دیا کہ جنگ ختم ہونی چاہیئے۔×

## TRUMP-TALKS

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر سخت نگرانی رکھی جارہی ہے اور ایک بڑا بیڑہ خلیج خطے کیلئے روانہ ہوچکا ہے۔ ٹرمپ نے ایئر فورس وَن پر ٹرمپ نے میڈیا کے لوگوں کو بتایا کہ اگر ایران لوگوں کو پھانسی دیتا ہے تو وہ پہلے سے بھی زیادہ سخت طریقے سے وار کریں گے۔

امریکہ کے صدر نے کہا کہ ایک بڑا بیڑا خلیج کی طرف جارہا ہے اور وہ دیکھیں گے کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ امریکہ، روس اور یوکرین کے درمیان UAE میں سہ رخی بات چیت پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ کسی بھی وقت ملاقات ہونا ایک اچھی بات ہے اور وہ لوگوں کی زندگیاں بچانے کیلئے یہ کام کررہے ہیں۔ امریکہ کے صدر سوئٹزر لینڈ کے Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں شرکت کرنے کے بعد واشنگٹن DC کے قریب مشترکہ بیس Andrews واپس آگئے تھے۔

## WB-PARAKARAM DIWAS

آج نیتاجی سبھاش چندر بوس کا 129واں یوم پیدائش ہے۔ یہ دن ''پراکرم دِوَس'' کے طور پر منایا جارہا ہے۔ مغربی بنگال کے عوام تاریخی شخصیت کے حامل مجاہد آزادی سبھاش چندر بوس کو پورے احترام اور عقیدت کے ساتھ یاد کررہے ہیں۔ اِس موقع پر ریاست میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ آج شام کولکاتا میں وکٹوریہ میموریل کے سامنے ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن شرکت کریں گے۔ گورنر سی وی آنند بوس بھی اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ نیتاجی سبھاش چندر بوس اور جدوجہد آزادی کے ضمن میں ایک لائٹ اینڈ ساؤنڈ شو کا اہتمام بھی کیا جائے گا، جس سے پہلے فوجی بینڈ اپنی کارکردگی اور ثقافتی پروگرام پیش کریں گے۔ وزیراعلیٰ ممتا بنرجی نے نیتاجی کو اُن کے یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔×

## PREZ-BOSE

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نیتاجی سبھاش چندر بوس کو، اُن کے یوم پیدائش پر آج راشٹرپتی بھون میں گلہائے عقیدت

پیش کئے۔ اس عظیم لیڈر کے اعزاز میں آج کا دن پراکرم دِوس کے طور پر منایا جاتا ہے۔×

## GOVT-WANG REVISION

مرکزی حکومت نے سرکاری شعبے کی جنرل انشورنس کمپنیاں PSGIC اور زراعت اور دیہی ترقی کے قومی بینک NABARD کیلئے اجرت پر نظرثانی کی منظوری دے دی ہے۔ ریزروبینک آف انڈیا RBI اور NABARD کے ریٹائرڈ ہونے والے افراد کیلئے پنشن پر نظرثانی کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ وزارتِ خزانہ نے آج کہا کہ اِن اقدامات سے کُل تقریباً 66 ہزار 322 ملازمین، 23 ہزار 570 پنشن پانے والوں اور 23 ہزار 260 فیملی پنشنرز مستفید ہوں گے۔ اِس فیصلے کا مقصد ریٹائرمنٹ کے بعد باوقار معیارِ زندگی کو برقرار رکھتے ہوئے استفادہ کنندگان کی زندگی میں تبدیلی لانا ہے۔×

## INDIAN ARMY-MoU IISC

بھارتی فوج نے بینگلورو کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس IISC کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں، جس کے تحت ہم آہنگ ریسرچ اور اختراع کے ذریعہ مصنوعی ذہانت پر مبنی پوری طرح ملک میں ایک سسٹم تیار کیا جائے گا۔ اس مفاہمت نامے کے ذریعہ ڈیجیٹل انفارمیشن کے منظرنامے کے چیلنجوں سے نمٹا جائے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی فوج نے کہا ہے کہ یہ اقدام بھارت کو خود مختار بنانے کے بھارتی فوج کے عزم کی توثیق کرتا ہے۔×

## ED-SEARCHES

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED گوا نائٹ کلب میں آگ لگنے کے معاملے کے سلسلے میں آج صبح سے ہی مختلف مقامات پر تلاشی مہم چلا رہی ہے۔ تحقیقاتی ایجنسی نے کہا ہے کہ چھاپے ماری کی ان کارروائیوں کا مقصد کلب کے غیرقانونی کام کاج اور اِس کے پرموٹرس کے کردار سے منسلک کالے دھن کو جائز بنانے کے رُخ کی جانچ کرنا ہے۔ گوا میں آگ لگنے کے واقعے کے پس منظر میں یہ کارروائی کی جارہی ہے، جس میں گزشتہ سال 6 دسمبر کو 25 لوگوں کی موت ہوگئی تھی۔ ED کے مطابق دِلی اور گوا میں آٹھ سے نو مقامات پر تلاشی مہم جاری ہے، اِن میں لوتھرا برادران اور گوا کے Arpora میں Birch by Romeo Lane کے مالک اجے گپتا کے رہائش گاہ اور دفتر بھی شامل ہیں۔×

## SHIMLA SNOWFALL

ہماچل پردیش میں طویل انتظار کے بعد موسم میں تبدیلی آئی ہے۔ ریاست کے اکثر حصوں میں موسم کی پہلی بڑے پیمانے پر برفباری ہورہی ہے، جبکہ نچلے حصوں میں بارش اور تیز ہوائیں چل رہی ہیں، اس کے سبب درجہ حرارت میں کمی آئی ہے اور

پوری ریاست میں سرد لہر میں شدت آ گئی ہے۔ ریاست کی راجدھانی شملہ میں آج صبح سے ہی برفباری ہورہی ہے۔ سیاحتی مقام منالی میں بھی موسم سرما کی پہلی برفباری دیکھی گئی، جس سے سیاحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ لاہول-اِسپتی، کِنّور، کُلّو، چمبا اور منڈی اور سِرمور ضلعوں کے اوپری علاقوں میں برف کا اثر صاف دیکھا جاسکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مناسب سرد ماحول پھلوں کی کوالٹی اور پیداوار پر اچھا اثر ڈالتا ہے۔ اُدھر محکمہ موسمیات نے چمبا، کُلّو اور لاہول-اِسپتی ضلعوں میں آج کیلئے شدید برفباری کا اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔×

## KASHMIR-SNOWFALL

گُلمرگ میں مقبول Ski-Resort اور کشمیر وادی کے کچھ دیگر علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی ہے۔ جموں وکشمیر میں مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی شدید تبدیلی کے زیر اثر کل شام بارہ مولہ ضلع میں تازہ برفباری شروع ہوئی۔ دیگر علاقوں، خاص طور سے بالائی مقامات، کپواڑہ اور شوپیاں بھی تازہ برفباری ہوئی۔ سری نگر سمیت وادی کشمیر کے کئی میدانی علاقوں میں بارش ہوئی۔×

## BADMINTON

بیڈمنٹن میں سرکردہ بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین جکارتہ میں جاری انڈونیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج اپنے کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گے۔ خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی پی وی سندھو، چین کی کھلاڑی Chen Yufei کا سامنا کریں گی، جبکہ مردوں کے سنگلز زُمرے میں ساتویں پوزیشن کے کھلاڑی لکشیہ سین، تھائی لینڈ کے Pantichaphon Teeraratsakul سے مقابلہ کریں گے۔

اس سے قبل سندھو نے ڈنمارک کی Line Hojmark Kjaersfeldt کو اکیس-اُنیس، اکیس-اٹھارہ سے ہرایا۔ لکشیہ سین نے ہانگ کانگ کے Jason Gunawan کو اکیس-دس، اکیس-گیارہ سے ہرایا۔×

## CRICKET-T-20

ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آج بھارت کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ رائے پور کے شہید ویر نارائن سنگھ بین الاقوامی اسٹیڈیم میں شام سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ کپتان سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم سیریز میں ایک-صفر سے سبقت بنائے ہوئے ہے۔ افتتاحی میچ میں بھارت نے نیوزیلینڈ کو 48 رن سے ہرایا تھا۔×

**SHAH-THACKERAY**

مرکزی وزیر امت شاہ نے آج بالاصاحب ٹھاکرے کو اُن کے یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اُنہوں نے کہا کہ بالاصاحب ٹھاکرے نے اپنی پوری زندگی ملک، مذہب اور خوداعتمادی کی حفاظت کیلئے مختص کردی اور کسی بھی صورتحال میں اپنے اصولوں سے سمجھوتہ نہیں کیا۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ بالا صاحب ٹھاکرے، نہ صرف مہاراشٹر میں بلکہ پورے ملک میں ہمیشہ ایک سچے محبّ وطن رہیں گے۔×

**J&K KHELO INDIA TRIBAL GAMES**

جموں وکشمیر کی کھیلوں کی کونسل کھیلو انڈیا قبائلی کھیل 2026 کیلئے جموں وکشمیر دستے کے ارکان کا انتخاب کرنے کیلئے آج سے اوپن سلیکشن کے پہلے مرحلے کا آغاز کرے گی۔ یہ تقریب چھتیس گڑھ میں منعقد کی جائے گی۔ آ کاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ فٹبال کے کھلاڑیوں کا انتخاب کرنے کیلئے منی اسٹیڈیم میں ان کے کھیل کا جائزہ لیا جائے گا اور 24 جنوری کو جموں یونیورسٹی میں اتھلیٹکس کے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا۔×

**VP-ODISHA VISIT**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن ''پراکرم دِوَس'' منانے کیلئے اوڈیشہ کے ایک روزہ دورے پر آج صبح بھونیشور پہنچے۔ پراکرم دِوَس نیتاجی سبھاش چندر بوس کا یومِ پیدائش ہے۔ اوڈیشہ کے گورنر ڈاکٹر ہری بابو کمبھپتی، وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی اور دیگر شخصیتوں نے ریاست کے پہلے دورے پر نائب صدرجمہوریہ کا، بیجوپٹنائک بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر استقبال کیا۔

نائب صدرجمہوریہ، نیتاجی سبھاش چندر بوس کے 129ویں یوم پیدائش کے موقع پر کٹک میں جانکی ناتھ بھون جائیں گے، جو نیتاجی کی جائے پیدائش ہے۔ وہ کٹک میں نیتاجی کی جائے پیدائش کے میوزیم کمپلیکس کے قریب ضلع ثقافتی عمارت کا بھی افتتاح کریں گے، جسے حال ہی میں تعمیر کیا گیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆